19.05.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں

Music

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

1 لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے میں کل 8 ریاستوں اور مرکز کے زیرِانتظام علاقوں میں پھیلے ہوئے 49 حلقوں کیلئے پولنگ ہوگی۔

2 لوک سبھا انتخابات کے بقیہ مرحلوں کیلئے بھی چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندرمودی نے جھارکھنڈ کے جمشید پور میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔

3 پسماندہ طبقوں سے متعلق قومی کمیشن نے کہا ہے کہ 2014 سے 2022 کے دوران درج فہرست ذاتوں کے زمرے کے تحت طلبا کی تعداد میں 44 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

4 بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ کیرالہ میں شدید بارش کا سلسلہ منگل تک جاری رہے گا۔

5 ستوک سائیراج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی بھارتی جوڑی نے تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں ڈبلز کا ٹائٹل جیت لیا ہے۔

6 اور بھارتی گرانڈ ماسٹر اروند چتمبرم نے شارجہ ماسٹرس شطرنج ٹورنامنٹ میں مقامی کھلاڑی اے آر صالح سلیم کو شکست دے کر سبقت حاصل کرلی ہے۔

MUSIC

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Fifth Phase Polling**

کل ہونے والے لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کے لئے تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔ اِس
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

مرحلے میں 6 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں کے 49 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِن میں اترپردیش کی 14 ، مہاراشٹر کی 13 ، مغربی بنگال کی 7 ، بہار اور اڈیشہ کی پانچ پانچ، جھارکھنڈ کی تین، جموں کشمیر اور لداخ کی ایک ایک سیٹ شامل ہے۔ اِس مرحلے میں کُل 695 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔x

## PM JHARKHAND RALLY

وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندرمودی نے کہا ہے کہ 2024کے لوک سبھا انتخابات، ملک کے موجودہ حالات اور مستقبل کو مستحکم بنانے کیلئے ہیں۔ آج جھارکھنڈ کے جمشید پور میں پارٹی امیدوار Varan Mahto Bidyut کیلئے ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہاکہ ملک کی ترقی کیلئے کاروباری گھرانے بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ کانگریس کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے جناب مودی نے کہاکہ یہ پارٹی کاروباری برادری کو ملک کا دشمن تصور کرتی ہے۔ کانگریس لیڈر راہل گاندھی کا نام لئے بغیر اُن کی نکتہ چینی کرتے ہوئے جناب مودی نے ہماچل پردیش اورتمل ناڈو میں کانگریس اور اُس کی اتحادی پارٹی کی سرکار والی ریاستوں نیز آئی این ڈی آئی اے اتحاد کی سرکار والی ریاستوں کے وزراء اعلی کو چیلنج کیا کہ وہ کاروباری گھرانوں اور سرمایہ کاروں کی مخالفت کرکے دکھائیں۔ جناب مودی نے یہ سوال کیا کہ اگر یہ پارٹیاں کاروباری افراد اور سرمایہ کاروں کی مخالفت کرتی رہیں گی تو اِن ریاستوں کے نوجوانوں کو روزگار کیسے ملے گا۔ جناب مودی نے لوگوں سے یہ سوال کیا کہ موجودہ چناؤ میں کیا معیشت، چھوٹے اور اوسط درجے کے صنعتی اداروں، زراعت اور نوجوانوں کیلئے نئے موقعوں پر کوئی بات نہیں ہونی چاہئے؟ جناب مودی نے البتہ یہ بھی کہاکہ کانگریس اور جھارکھنڈ مکتی مورچے کو اس طرح کے معاملات کی کوئی پرواہ نہیں ہے کیونکہ وہ ترقی کے بارے میں کچھ نہیں جانتی۔ وزیراعظم نے کہاکہ کانگریس اور آئی این ڈی آئی اے اتحاد یہ واویلا مچا رہا ہے کہ ایس سی ، ایس ٹی ریزرویشن ختم کردیا جائے گا۔ انہوں نے سوال کیا کہ یہ پارٹیاں اس سے آگے بڑھ کر کیوں کچھ نہیں سوچتی۔ جناب مودی نے کہا کہ جھارکھنڈ ریاست قدرتی وسائل اور معدنیات سے مالا مال ہے، پھر بھی ریاست میں غربت ہے۔ X

## AAP PROTEST

قوامی راجدھانی دلی میں عام آدمی پارٹی کے مارچ کے مدنظر بی جے پی ہیڈکوارٹرس کے باہر سیکورٹی بڑھا دی گئی ہے۔ دلی پولیس نے دفعہ 144 کے تحت بندشیں نافذ کردی ہیں اور کہا ہے کہ احتجاج کیلئے کوئی منظوری حاصل نہیں کی گئی ہے۔ ٹریفک پولیس نے یہ ایڈوائزری جاری کی ہے کہ دین دیال اپادھیائے مارگ، IP مارگ، منٹو روڈ اور وکاس مارگ پر ٹریفک پر اثر پڑے گا۔ اُس نے یہ بھی کہا ہے کہ دین دیال اپادھیائے مارگ کو ٹریفک کیلئے بند کیا جاسکتا ہے۔ اِدھر دلی میٹرو ریل کارپوریشن نے کہا ہے کہ ITO میٹرو اسٹیشن پر داخل ہونے اور باہر نکلنے کا سلسلہ اگلے

احکامات تک بند رہے گا۔ اِدھر دلی کے وزیراعلیٰ اروند کیجریوال نے آج عام آدمی پارٹی ہیڈ کوارٹرس پر موجود لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے بی جے پی پر الزام لگایا کہ اُس نے عام آدمی پارٹی کے لیڈروں کے خلاف انتقامی کارروائی شروع کر رکھی ہے۔ جناب کیجریوال نے یہ خدشہ بھی ظاہر کیا کہ آنے والے دنوں میں پارٹی کے لیڈروں کو گرفتار کیا جاسکتا ہے اور پارٹی کے اکاؤنٹس پر روک لگائی جاسکتی ہے۔ X

## SC STUDENTS ENROLLMENT

درج فہرست ذاتوں کے زمرے کے تحت طلبا کی تعداد میں 44 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ سال 2014-15 میں یہ تعداد 46 لاکھ تھی جبکہ 2021-22 میں یہ بڑھ کر 66 لاکھ تک پہنچ گئی۔پسماندہ طبقوں سے متعلق قومی کمیشن کی ایک رپورٹ کے مطابق اقلیتی طالبات کی تعداد میں بھی 42 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا۔ 2014-15 میں اِن لڑکیوں کی تعداد دس لاکھ سے زیادہ تھی جو 2021-22 میں بڑھ کر 15 لاکھ ہوگئی۔ درج فہرست ذاتوں کی پڑھنے والی لڑکیوں کی تعداد میں 51 فیصد جبکہ درج فہرست قبائل کی طلبا کی تعداد میں 65 اعشاریہ دو فیصد کا اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق تعلیمی سال 2020-21 کے دوران سینٹرل اسکولوں میں اوبی سی طلبا کیلئے 27 فیصد ریزرویشن نافذ کیا گیا جس کے نتیجے میں 34 ہزار سے زیادہ اوبی سی طلبا کو داخلہ ملا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ قومی اہمیت کے اداروں میں اوبی سی طلبا کی تعداد میں 71 فیصد کا اضافہ ہوا جبکہ اوبی سی لڑکیوں کی تعداد دوگنا سے بھی زیادہ ہوگئی ہے۔ x

## Jammu & Kashmir Terror Attack

جموں و کشمیر میں شوپیاں اور اننت ناگ ضلعوں میں کُل دو الگ الگ دہشت گردانہ حملوں میں ایک سابق سرپنچ ہلاک جبکہ جے پور سے سیر و تفریح کے لئے وہاں آیا ایک شخص اور اس کی اہلیہ زخمی ہوگئے۔پہلے حملے میں، دہشت گردوں نے شوپیاں ضلع کے Hirpora علاقے میں ایک سابق سرپنچ اعجاز شیخ پر فائرنگ کی، جو بعد میں اسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسے۔دوسرے حملے میں، دہشت گردوں نے اننت ناگ ضلع میں ایک سیاحتی کیمپ پر فائرنگ کی۔ اس واقعے میں جے پور سے تعلق رکھنے والے دو افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو نازک حالت میں اسپتال لے جایا گیا۔ حکام نے کہا ہے کہ حملہ آوروں کو گرفتار کرنے کے لیے محاصرے اور تلاشی کی کارروائی شروع کردی گئی ہے۔ پے درپے یہ حملے اس وقت ہوئے ہیں جب اننت ناگ-راجوری پارلیمانی حلقے میں چناؤ کے لیے انتخابی مہم جاری ہے۔ بارہمولہ میں پانچویں مرحلے کے تحت کل ووٹ ڈالے جائیں گے۔xx

## PUNE HOARDING COLLAPSE

مہاراشٹر میں پونے سے کوئی 30 کلومیٹر دور Loni Kalbhor میں کل شدید بارش کی وجہ سے ایک بڑا ہورڈنگ گرجانے کے سبب تین افراد اور ایک گھوڑا زخمی ہوگیا۔ دو گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ دو زخمیوں کو علاج ومعالجے کے بعد اسپتال سے چھٹی دے دی گئی ہے جبکہ تیسرے شخص کی حالت بھی مستحکم بتائی جاتی ہے۔ پولیس کے

مطابق تیز ہواؤں کی وجہ سے یہ ہورڈنگ گرگیا تھا۔ اس سے پہلے ریاست کے کولہاپور ضلع میں اِسی طرح کے ایک واقعے میں ایک ہورڈنگ کے گرنے سے **16** افراد کی موت ہوگئی تھی اور **75** زخمی ہوئے تھے۔ **X**

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات نے اگلے تین دن کے دوران ملک کے جنوبی حصوں میں شدید ترین بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے جزیرہ نما بھارت میں اگلے پانچ دن کے دوران شدید سے شدید ترین بارش کے جاری رہنے کے امکان کا بھی اظہار کیا ہے۔محکمہ موسمیات نے مزید کہا کہ تملناڈو اور کیرالہ میں **21**مئی تک موسلہ دھار بارش ہو سکتی ہے۔ جنوب مغربی مانسون کے اگلے **48** گھنٹے میں جنوبی انڈمان سمندر، جنوب مشرقی خلیج بنگال کے کچھ حصوں اور نکوبار جزائر میں پہنچنے کا امکان ہے۔**Pathanam-Thitta**، کوٹائیم اور **Idduki** اضلاع میں آج اور کل کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ ترواننت پورم، کولّام، **Alappuzha** اور ارناکُلم ضلعوں کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔محکمہ موسمیات نے دلی میں جاری شدید گرمی کے تناظر میں ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ اس کے علاوہ ہریانہ، چنڈی گڑھ، پنجاب اور مغربی راجستھان کیلئے بھی ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ اترپردیش اور مشرقی راجستھان کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ **X**

## THAILAND OPEN

ستوک سائیراج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی بھارتی جوڑی نے تھالینڈ اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں ڈبلز کا ٹائٹل جیت لیا ہے۔ اُنھوں نے فائنل میں **Chen Bo Yang** اور **Liu yi** کی چین کی جوڑی کو اکیس۔پندرہ اور اکیس۔ پندرہ سے ہرا دیا۔ عالمی نمبر تین بھارتی جوڑی کو اِس ٹورنامنٹ میں اول درجے پر رکھا گیا تھا۔ **X**

## CHESS

شارجہ ماسٹرس شطرنج ٹورنامنٹ کی پانچویں بازی کے بعد بھارتی گرانڈ ماسٹرس اروندِ چتمبرم ساڑھے چار پوائنٹ کے ساتھ واحد سرکردہ کھلاڑی کے طور پر ابھرے ہیں۔ اُنھوں نے مقامی کھلاڑی اے آر صالح سلیم کو شکست دی۔ ِچتمبرم کے بعد چارکھلاڑی چار۔چار پوائنٹ کے ساتھ دوسرے مقام پر ہیں۔ اِن میں امین طبع طبائی اور **Bardia Daneshvar** کی ایران کی جوڑی اور امریکہ کے **Hans Moke Niemann** اور **Shankland** شامل ہیں۔ اِس کے بعد ساڑھے تین پوائنٹ کے ساتھ آٹھ کھلاڑیوں کے گروپ میں چوٹی کے کھلاڑی ارجن **Erigaisi** بھی شامل ہیں۔ **52** ہزار ڈالر کے انعام کی رقم والے اس ٹورنامنٹ میں ابھی چار بازیاں کھیلی جانی ہے۔ **16** کھلاڑی

ایسے ہیں جن کے تین۔تین پوائنٹ ہیں۔ X

**IPL**

آئی پی ایل کرکٹ میں آج لیگ مرحلے کے آخری دو میچ کھیلے جائیں گے۔ پہلے میچ میں حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔اِدھر گوہاٹی کے برساپاڑا کرکٹ اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے راجستھان رائلز اور کولکاتہ نائٹ رائیڈرس کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔ x